اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ط

''اللّٰہ ہمیں کر دے عطا قفلِ مدینہ'' کے 23 حروف کی نسبت سے مجلس خصوصی اسلامی بھائی کے 23 مدنی پھول

فرمانِ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ:

❁ خصوصی اسلامی بھائیوں کا بھی ایک اچھا خاصہ طبقہ ہے، ہمیں انہیں بھی سُنّتیں سکھانی ہیں۔

﴿1﴾ فرمانِ مصطفیٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ ۔یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔(المعجم الکبیر للطبراني، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵)اس لیے مجلس خصوصی اسلامی بھائی کا ہر ذمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ''72 مدنی انعامات'' میں سے ''مدنی انعام نمبر 1'' پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ: ''میں اللہ عزّوَجلّ کی رضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے مجلس خصوصی اسلامی بھائی کا مدنی کام، مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللہ عزّوَجلّ۔''

﴿2﴾ مجلس خصوصی اسلامی بھائی کا کام گونگے، بہرے، نابینا اور دیگر معذور اسلامی بھائیوں میں تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے پیغام کو عام کرنا اور انہیں دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ کرتے ہوئے اس مدَنی مقصد ''مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔اِنْ شَآءَ اللہ عزّوَجلّ'' کے مطابق زندگی گزارنے کا مدنی ذہن دینا ہے۔

﴿3﴾ ذیلی حلقے (اسکول، ڈیف کلب، ان کے جمع ہونے کے مقام وغیرہ) میں مدَنی مرکز کے دیئے گئے طریقِ کار کے مطابق انفرادی کوشش اور تربیتی حلقے وغیرہ کی ترکیب بنائیں۔ خصوصی اسلامی بھائیوں کو ہفتہ وار اجتماع میں شرکت، مدنی قافلوں میں سفر اور **27 مدنی انعامات** والا رِسالہ (ہدیۃً یا تحفۃً) پیش کر کے اس پر عمل کے لیے تیار کریں۔ان کے نام لکھیں اور یاد دہانی بھی کرواتے رہیں یہاں تک کہ وہ اپنی نیتوں کے مطابق عامل ہو جائیں۔

﴿4﴾ ذیلی حلقوں سے خصوصی اسلامی بھائیوں کو ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کروانے کے لیے سواریوں کا بندوبست کریں۔ ہفتہ وار اجتماع میں خصوصی اسلامی بھائیوں کے لئے الگ سے اجتماع گاہ کے ایک طرف (جہاں شرکائے اجتماع متأثر بھی نہ ہوں اور اُن کی نظر بھی پڑے) حلقہ لگائیں بعدِ اجتماع سُنّتیں سیکھنے سکھانے اور فکرِ مدینہ کا حلقہ بھی ضرور لگائیں۔ **27 مدَنی انعامات** پر مشتمل خصوصی اسلامی بھائیوں کے مدنی انعامات کا رِسالہ انہیں اپنی اصلاح کی کوشش کی ترغیب دِلا کر (ہدیۃً یا تحفۃً) ہر ماہ پیش کریں اور پھر باقاعدہ وصول کر کے اس کی ماہانہ کارکردگی بھی بنائیں۔بعدِ اجتماع مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر خیر خواہی بھی کریں

﴿5﴾ کابینہ ذمہ دار، اپنی کابینہ کے خصوصی اسلامی بھائیوں کے مکمل کوائف مثلاً تعداد، نام، پوسٹل ایڈریس، فون نمبر، جمع ہونے کے مقامات، اسکولز، کام کاج کی مصروفیت وغیرہ جمع کریں، ان سے مسلسل رابطہ رکھیں اور اُن کے متعلقہ نگران کو پیش کریں۔

﴿6﴾ خصوصی اسلامی بھائیوں کو ذہن دیں کہ ہمیں اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 1 ماہ اور ہر ماہ کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کرنا اور کروانا ہے اور ان کے مدنی قافلے، مجلس مدنی قافلہ کے مشورے سے اُن علاقوں کی مساجد وغیرہ میں ٹھہرائیں، جہاں خصوصی اسلامی بھائی زیادہ سے زیادہ مل سکیں۔

﴿7﴾ نگرانِ شہر / علاقہ / ڈویژن مشاورت کے مشورے سے مجلس خصوصی اسلامی بھائی کے ذمہ داران یومِ تعطیل یا جس دن ممکن ہو خصوصی اسلامی بھائیوں کے ہفتہ وار تربیتی حلقوں کی ترکیب مدنی مرکز فیضانِ مدینہ یا ہفتہ وار اجتماع والی مسجد میں کریں۔ دورانیہ: 63 منٹ (اس میں تلاوت، نعت، فیضانِ سُنّت یا امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے رسائل سے درس، نماز کے احکام اور نماز و وضو وغیرہ کا عملی طریقہ سکھانے کی ترکیب کی جائے)

﴿8﴾ مجلس خصوصی اسلامی بھائی کے ذمہ داران، ہر ماہ وقتاً فوقتاً خصوصی اسلامی بھائیوں کے گھر جا کر والد / بڑے بھائی / سرپرست وغیرہ اور خصوصی اسلامی بھائیوں کی شخصیات سے ملاقات کریں اور انھیں ہفتہ وار اجتماع کی دعوت اور مدَنی قافلوں میں سفر کی ترغیب دلائیں اور دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے منسلک کرنے کی کوشش کریں۔ حدیثِ پاک میں ہے ''تَهَادَوْا تَحَابُّوْا'' یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔(مؤطا امام مالک، ج۲، ص۴۰۷، رقم ۱۷۳۱) پر عمل کی نیت سے شیخِ طریقت، امیرِ اَہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار** قادِری رَضَوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ العالیہ اور مکتبۃ المدینہ کی دیگر مطبوعہ کتب و رسائل و **VCDs** وغیرہ کی ذاتی طور پر حسبِ اِستطاعت اور مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر تقسیم کرتے رہیں۔ خوشی و غمی (شادی، فوتگی، چہلم و عرس وغیرہ) اور تکلیف و آزمائش (بے روزگاری، بے اولادی، ناچاقی اور بیماری وغیرہ) کے مواقع پر تقسیمِ رسائل کی ترغیب دلانا مفید ہے۔

﴿9﴾ حتی المقدور مجلس خصوصی اسلامی بھائیوں کے لئے ایسے عمومی اسلامی بھائیوں کا انتخاب کیا جائے، جو قفلِ مدینہ کورس (اِشاروں کی زبان کا کورس) کئے ہوئے ہوں۔ اِشاروں کی زبان سکھانے کے لئے وقتاً فوقتاً ہونے والے قفلِ مدینہ کورس کا جب بھی اعلان ہو تو مجلس خصوصی اسلامی بھائی کے تمام ذمہ داران، عمومی اسلامی بھائیوں کو ضرور تیار کریں اور اپنے متعلقہ نگران سے ہفتہ وار اجتماع میں اس کا اعلان بھی کروائیں۔

﴿10﴾ ''مجلس خصوصی اسلامی بھائی'' کے ذمہ داران، دعوتِ اسلامی کے اِشاعتی اِدارے مکتبۃ المدینہ کا مطبوعہ رِسالہ ''گونگا

مبلغ"، "گونگے بہروں کے بارے میں سوال جواب"، "آیئے وضو سیکھئے (اِشاروں کی زبان میں)" کا مطالعہ بھی فرمائیں اور اس کو عام بھی کریں۔

﴿11﴾ جب بھی کابینہ یا ملکی سطح پر سنتوں بھرے اجتماع کی ترکیب ہو، اجتماع کی تیاری کیلئے اجتماع سے پہلے 12 دن کے مَدَنی قافلے سفر کروائیں جو ان کے مختلف مقامات مثلاً اسکول، ڈیف کلب، جمع ہونے کے مقام کی قریبی مساجد وغیرہ میں ٹھہرائے جائیں اور پھر اجتماع سے ہاتھوں ہاتھ 1 ماہ کے مَدَنی قافلے سفر کروائیں، جو مجلسِ مدنی قافلہ کے مشورے سے ان مساجد وغیرہ میں ٹھہرائے جائیں جہاں خصوصی اسلامی بھائی زیادہ سے زیادہ مل سکیں۔

﴿12﴾ کابینہ یا ملکی سطح پر اجتماعات میں (اجتماع گاہ میں) کابینہ سطح پر دفتر (مکتب) کی ترکیب کی جائے۔

﴿13﴾ مَدَنی قافلہ، مَدَنی انعامات، مختلف مَدَنی کورسز کے ماہانہ اہداف:

مجلس کے ہر سطح کے ذمہ داران اپنے نگران کے مشورے سے مَدَنی قافلوں، مَدَنی انعامات، مدنی تربیتی کورس، اِصلاحِ اعمال کورس، 12 مدنی کام کورس، فیضانِ نماز کورس کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔

﴿14﴾ ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

#	سطح	ذمہ دار
1	ذیلی حلقہ (اسکول، ڈیف کلب، ان کے جمع ہونے کا مقام وغیرہ)	ذیلی ذمہ دار (ڈیف کے حلقہ میں ڈیف اور نابینا کے حلقہ میں نابینا اسلامی بھائی)
2	شہر	3 رُکنی مجلس (نگرانِ مجلس شہر ذِمہ دار)
3	کابینہ	3 رُکنی مجلس (نگرانِ مجلس رُکنِ کابینہ)
4	زون	3 رُکنی مجلس (نگرانِ مجلس رُکنِ زون)
5	صوبہ	صوبائی ذمہ دار (رکنِ مجلس)
6	ملک	نگرانِ مجلس خصوصی اسلامی بھائی
7	مرکزی مجلسِ شورٰی	رکنِ شورٰی مجلس خصوصی اسلامی بھائی

❁ شہر، کابینہ اور زون سطح پر 3 رُکنی مجلس ہوگی (1- نگران، 2- ڈیف (گونگے، بہرے) ذمہ دار، 3- نابینا ذمہ دار) ❁ صوبائی ذمہ داران پاکستان سطح کی مجلس کے رکن ہیں ❁ بیرونِ ملک کے ذمہ داران، نگرانِ مجلس بیرونِ ملک (رکنِ شورٰی) کی اجازت سے اس شعبے میں کسی بھی سطح پر ذمہ دار مقرر کریں ❁ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین و نگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

❁ **"قفلِ مدینہ کورس"** کر کے آنے والے اسلامی بھائیوں کو متعلقہ شعبہ ذِمہ دار سے مشاورت کے بغیر **"مجلس خصوصی اسلامی بھائی"** کے علاوہ حتی الامکان کوئی اور ذِمہ داری نہ دی جائے۔

﴿15﴾ مَدَنی مشورہ کی تاریخ و مَدَنی پھول:

#	تاریخ	مَدَنی مشورہ لینے والے	سطح	شرکاء	مَدَنی پھول
1	4	نگرانِ کابینہ / کابینہ ذمہ دار	کابینہ	ذیلی ذمہ داران، شہر و کابینہ سطح کی 3 رکنی مجلس	انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول و جدول کارکردگی، ذِمہ داران کے تقرر، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ
2	5	نگرانِ زون / زون ذمہ دار	زون	کابینہ ذمہ داران (بہتر یہ ہے کہ ہر کابینہ کی 3 رکنی مجلس شرکت کرے)	//
3	6	صوبائی ذمہ دار/ نگرانِ مجلس	صوبہ	زون ذمہ داران	//
4	7	رکنِ شورٰی / نگرانِ مجلس	ملک	صوبائی ذمہ داران (اراکینِ مجلس)	//

وضاحت: **رُکنِ شورٰی/ نگرانِ مجلس**، پاکستان سطح کی مجلس (صوبائی ذمہ داران) کا **ہر ماہ مدنی مشورہ** فرمائیں، ایک ماہ بالمشافہ اور ایک ماہ بذریعہ اِنٹرنیٹ۔

❁ معمول (Routine) سے ہٹ کر ہونے والے شعبہ جات کے مدنی مشوروں یا **ذمہ داران** کے سُنّتوں بھرے اجتماعات کے لیے اوّلاً **"اجازت نامہ"** مکمل پُر کر کے طے شدہ طریقِ کار کے مطابق متعلقہ ذِمہ دار کو جمع کروانا ہوگا۔ (مزید وضاحت کے لیے **"اجازت نامہ برائے مدنی مشورہ یا ذمہ داران کا سُنّتوں بھرا اجتماع"** کے مدنی پھول بغور ملاحظہ کر لیجئے، یہ اجازت نامہ پاکستان انتظامی کابینہ دفتر سے میل ہو چکا ہے، بوقتِ ضرورت دوبارہ حاصل کیا جا سکتا ہے)

❁ **کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں**: ❁ ذیلی: 2 ❁ شہر: 3 ❁ کابینہ: 4 ❁ زون: 5 ❁ صوبہ: 6 ❁ ملک: 7

﴿16﴾ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے۔ ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا ❁ اسی طرح جس ماہ متعلقہ نگران شعبے کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے فوقتاً فوقتاً اپنے نگران سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مدنی مشورہ کروانا مفید ہے)

﴿17﴾ پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار عیسوی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک دفتر اور متعلقہ رکنِ شورٰی کو میل کردیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں)

﴿18﴾ ہر ذمہ دار ہر ماہ کا پیشگی جدول عیسوی ماہ کی 19 تاریخ تک اپنے نگران سے منظور کروائے، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگران کو پیش کرے۔

﴿19﴾ متعلقہ نگران کی مُشاوَرَت سے شعبہ ذِمَّہ داران منگل کے روز ضرورتاً ایک دو گھنٹے کے لیے تحریری کام کی ترکیب بنائیں جس میں اپنے پچھلے ہفتے کی کارکردگی کا جائزہ اور آئندہ ہفتے کے جدول کی تیاری وغیرہ شامل ہو۔

﴿20﴾ متعلقہ نگران سے مربوط رہیں۔ انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگران سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجلَّ

﴿21﴾ متعلقہ رکنِ شورٰی اور زونل نگران کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنی مجلس کے ذمہ داران کے سنتوں بھرے اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ پرانے اسلامی بھائیوں کی یاد دِہانی اور نئے اسلامی بھائیوں کی مَدَنی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

﴿22﴾ **یاد رہے** کہ متعلقہ رکنِ شورٰی ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔

﴿23﴾ ذمہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِ اہلسنّت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔ (وقتاً فوقتاً ہونے والے ''**فیضانِ فرض علوم کورس**'' اور ہفتہ وار اجتماعی طور پر دیکھے جانے والے ''**مدنی مذاکرے**'' میں اوّل تا آخر شرکت کو یقینی بنایئے، اس کی برکت سے علمِ دِین کا لازوال خزانہ ہاتھ آئے گا۔ ''**فرض علوم**'' پر مشتمل مکتبۃ المدینہ سے جاری ہونے والے ''**میموری کارڈ**(Memory Card)'' کے ذریعے بھی کثیر علمِ دین حاصل ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل)

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم 2 گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کے لئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم 2 اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، مدنی دورہ، مدرسۃ المدینہ بالغان، مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیٔ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنے مدنی مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ **مدنی انعامات** کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 1 ماہ اور ہر ماہ کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بِلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، پیارا، منظورِ نظر اور محبوبِ عطار** بننے کی سعی جاری رکھیے، اِستقامت پانے کے لئے کم از کم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنالیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنایئے۔

❁ مرکزی مجلسِ شورٰی، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنایئے۔

❁ ذِمہ داران، **مدنی انعام نمبر 47** پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم از کم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار Live مدنی مذاکرہ دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **رِیکارڈ** ڈ مدنی مذاکروں اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

❁ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/ طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/ طالب ہوجائیں تو مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادِریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شورٰی، زون، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کرکے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

مدینہ: بیرونِ ملک کے ذِمہ داران متعلقہ رکنِ شورٰی کے مشورے واِجازت سے ان مدنی پھولوں میں ترمیم واضافہ کرسکتے ہیں۔

مرکزی مجلسِ شورٰی ﴿دعوتِ اسلامی﴾

مَدَنی مقصد: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجلَّ

تاریخِ اجراء(اپ ڈیٹ مدنی پھول): ۲۸ محرم الحرام ۱٤٤۰ھ / 9 اکتوبر 2018ء